© rasailojaraid.com



بنیادی علامت ہے (س - م - خ) -

**سعید پارے**' مرتبہ: مسعود احمد برکاتی۔ ناشر: نونہال ادب' ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان' ہمدرد سنٹر' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: ۷۰ روپے۔

حکیم محمد سعید شہید کے دست راست جناب مسعود احمد برکاتی نے حکیم صاحب کے مقبول کالم "جاگو جاگو" کا ایک انتخاب مختلف عنوانات کے تحت پیش کیا ہے۔ اس میں جنوری ۱۹۸۵ سے نومبر ۱۹۹۸ تک کے کالم شامل ہیں۔ یہ زندگی کے مختلف پہلوؤں اور متنوع گوشوں پر تقریباً ایک ایک صفحے کے سادہ و مختصر مگر موثر مضامین کا مجموعہ ہے۔ عبادات' تہوار' اخلاق' اعمال' وطن' قائداعظم اور ووٹ کے متعلق مثالوں' تمثیلوں' آیات قرآنی' اسوۂ حسنہ اور عمومی واقعات کی مدد سے اچھی اچھی باتوں اور نکات کی وضاحت کی گئی ہے۔ اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ اور طالبات کے لیے' والدین اور بزرگوں کی طرف سے یہ کتاب ایک اچھا تحفہ ہو گا۔ کتابت' طباعت اور جلد خوب صورت اور قیمت مناسب ہے (ر - ہ)۔

**الصلوٰۃ والسلام علی رحمتہ للعالمینؐ**' حصہ دوم' مرتبہ: رشید اللہ یعقوب' ناشر: رحمتہ للعالمین ریسرچ سنٹر' ۸۔ زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳' کلفٹن' کراچی ۷۵۶۰۰۔ صفحات: ۳۰۶۔ صدقہ جاریہ۔

حسن طباعت کا شاہکار یہ نقش ثانی' نقش اول کی آب و تاب کو دوچند کر دیتا ہے۔ پہلی جلد میں ۲۷ درود اور ۱۴ سلام تھے۔ اس دوسری جلد میں ۶۴ درود اور ۵ سلام ہیں۔ اس طرح مرتب نے احادیث کی تمام مستند کتب کھنگال کر کل ۹۰ درود اور ۱۹ سلام جمع کر دیے ہیں۔ حسن طباعت کے ساتھ ساتھ کتاب حسن ترتیب کا بھی نمونہ ہے۔ ایک باب میں درود و سلام کی فضیلت پر روایات جمع کر دی ہیں۔ رسولؐ اللہ کا ذکر' اللہ تعالیٰ کے ذکر کے تابع ہے' اس کی بنیاد پر ایک باب میں فضائل ذکر' فضائل تلاوت قرآن اور توبہ و استغفار کے بارے میں آیات و احادیث جمع کر دی ہیں۔ احادیث کے متن مع اعراب اور ترجمہ ہیں۔ صحت اور حوالے کا مکمل اہتمام ہے۔ جو درود صحیح اور حسن احادیث سے مروی ہیں' ان کی خوب صورت اور دل کش خطاطی پورے صفحے پر کروائی گئی ہے۔ غرض ایک غیر معمولی کاوش ہے جس کے حسن و صفات کا الفاظ میں بیان ناممکن سا ہے' دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرتب کے اس عمل کو ان کے لیے توشۂ آخرت بنائے اور انھیں رسولؐ اللہ کا قرب عطا کرے۔ دبیز آرٹ پیپر پر شائع شدہ چار رنگوں کی طباعت سے مزین یہ کتاب ہدیہ کے لائق ہے اور مرتب اسے ہدیتاً ہی دیتے ہیں۔ صرف طلب کرنے کی زحمت ہے (مسلم سجاد)۔

© rasailojaraid.com